Dorset HealthCare University NHS Foundation Trust NHS

آپ اپنے معالج سے جو کچھ بھی بتاتے ہیں وہ اسے حتی الامکان خفیہ رکھیں گے۔ در اصل، وہ پیشہ ورانہ ضابطۂ اخلاق کی وجہ سے یہ یقینی بنانے کے پابند ہیں کہ آپ ان کے ساتھ جو بھی معالجاتی کام انجام دیتے ہیں اس کے بارے میں رازداری برتی جاتی ہے۔

توہم، کچھ ایسے استثناء بھی ہیں جن سے آپ کو واقف رہنا ہوتا ہے، تاکہ آپ اور جس معالج کو آپ دکھاتے ہیں ان کے مابین کوئی شک و شبہہ پیدا نہ ہو۔

یہ معلوماتی پرچہ رازداری کی حدود کو بیان کرتا ہے۔ براہ کرم اس معلومات کو بغور پڑھیں اور آپ کو جو بھی سوال در پیش ہو اسے اپنے صلاحکار کے سامنے اٹھائیں۔

آپ کا معالج آپ کی ہر نشست کے بارے میں یاد داشتیں تحریر کرے گا، جسے رپورٹوں اور خطوط کے ساتھ ملا کر ایک خفیہ فائل میں سنبھال کر رکھا جائے گا۔ ذیل میں نشان زد نکات کے بموجب، اس فائل کی مشمولات بدستور خفیہ رہیں گی اور عملہ کے جس رکن کا بھی رابطہ اس فائل سے ہوتا ہے وہ بھی آپ کے معالج کی طرح ہی رازاداری کے اصولوں کا پابند ہوگا۔

**رازداری میں مستقل استثناء**

1. آپ کا معالج اس فرد کے بارے میں تحریر کا پابند ہے جس نے آپ کو اس خدمت کا حوالہ فراہم کیا، تاکہ آپ نے جو بھی معالجاتی کام انجام دیئے ہیں نیز اس کام میں جس طرح کی پیشرفت ہوئی ہے اس بارے میں اس پیشہ ور فرد کو بھی باخبر رکھا جائے۔ اگر آپ کو آپ کے GP کے ذریعہ حوالہ فراہم نہیں کیا گیا تھا، تو ہم آپ سے آپ کے GP کا نام اور پتہ پوچھیں گے تاکہ ہماری خدمت میں معالجے کے لئے آپ کے حوالے کی بابت انہیں اطلاع دینے کے لئے خط بھیجا جاسکے۔ رخصت کیے جانے کے وقت آپ کے معالجے کی تکمیل سے بھی آپ کے GP کو مطلع کیا جائے گا۔
2. خواہ آپ داخلی مریض ہوں یا خارجی مریض ہوں آپ کو صحت سے متعلق کوئی اور پیشہ ور فرد یا سماجی خدمات سے تعلق رکھنے والا کوئی فرد دیکھ سکتا ہے۔ آپ کی نگہداشت کے پہلوؤں کا اشتراک کرنا عام سی بات ہے تاکہ مختلف پہلوؤں میں اچھی طرح ہم آہنگی قائم کی جاسکے۔ جن افراد کے ساتھ معلومات کا اشتراک کیا جاتا ہے وہ بھی اسی سطح کی رازداری کے پابند ہوں گے۔
3. بہترین ممکنہ معیارات کو یقینی بنانے کے واسطے سبھی معالجین کے کام کی نگرانی کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ گاہے بگاہے آپ کے معالج آپ کے ساتھ انجام دیئے جانے والے کام کی بابت اپنے نگراں سے گفتگو کرسکتے ہیں۔ ان کے نگراں بھی رازداری کے انہیں اصولوں کے پابند ہوتے ہیں۔

اگر کوئی ایسی خاص معلومات ہے جس کی بابت آپ مذکورہ بالا انداز میں گفتگو کیے جانے یا اس کا افشاء کیے جانے کے خواہاں نہیں ہیں تو، براہ کرم اپنے معالج سے اس بابت گفتگو کریں جو ذیل میں مذکور کسی استثناء کے بموجب اس معلومات کو خفیہ رکھنے کی پوری پوری کوشش کریں گے۔

**رازداری میں دیگر اہم استثناء**

دیگر ایسے حالات کی بھی ایک مختصر تعداد موجود ہے جن کے تحت معالج کو اعتماد شکنی کرنی پڑسکتی ہے۔

1. اگر معلومات کا اشتراک کرنا عوام کے وسیع تر مفاد میں ہو۔ جب کوئی مریض کسی سنگین جرم کے ارتکاب کے ارادے کا اظہار کرے یا کسی ایسے سنگین جرم کے بارے میں اطلاع دے جس کا ارتکاب ہوا ہے اور اس سنگین جرم کی وجہ سے آپ کی ذات کو یا کسی اور فرد کو سنگین نقصان پہنچ سکتا ہے۔
2. اگر معالج کو یہ یقین ہو کہ کسی بچے یا کسی اور مصیبت زدہ فرد کو کسی اور فرد کی جانب سے بے توجہی یا بدسلوکی کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ ان حالات کے تحت، معالجین قانونی طور پر پیشہ ورانہ مشورہ حاصل کرنے اور امکانی طور پر یہ معلومات مناسب ایجنسیوں کے گوش گزار کرنے کے پابند ہیں۔
3. بعض شاذ و نادر حالات میں، عدالت آپ کی نگہداشت کے بارے میں معلومات یا یاد داشت دونوں میں سے کوئی بھی جاری کرنے کا حکم دے سکتی ہے۔ جہاں ممکن ہوگا، ہم اس طرح کے افشاء سے قبل آپ کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

در اصل، یہ صورتحال نسبتا غیر عمومی ہیں، لیکن ہمارے خیال میں آپ کو اپنے معالجاتی نشستوں کی شروعات کرنے سے قبل قطعی طور پر یہ جان لینا اہم ہے کہ رازداری کے بارے میں آپ کا موقف کیا ہے۔

ظاہر سی بات ہے کہ اگر آپ کو رازداری کے بارے میں مزید کوئی وضاحت درکار ہے تو براہ کرم اپنے معالج کے سامنے یہ مسئلہ اٹھائیں جو آپ کے ساتھ بخوشی اس پر گفتگو کریں گے یا ساؤتھمپٹن اسٹیپس ٹو ویل بیئنگ ٹیم سے 02380 272 000 پر رابطہ کریں گے

<u>**میں مذکورہ بالا رازداری کے اقرارنامے کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے**</u>

نام.................................................................................

دستخط .........................................................................

تاریخ..............................................................................

Dorset HealthCare University NHS Foundation Trust

**ڈورسیٹ ہیلتھ کیئر NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ**
**ساؤتھمپٹن اسٹیپس ٹو ویل بیئنگ**
**معالجاتی اقرار نامہ**

ہمیں معلوم ہے کہ کسی نئے معالجے کی شروعات کرنا کچھ اضطراب کا باعث ہوسکتا ہے۔ لہذا، معالجے میں گزرنے والے آپ کے وقت سے زیادہ سے زیادہ فائدے کے لئے، ہم اپنی محکمہ جاتی پالیسی کی وضاحت کرنا چاہیں گے:

1. آپ سے اپنی سبھی مقررہ ملاقاتوں میں حاضر ہونے کی توقع کی جائے گی کیونکہ ہم کسی چھوٹی ہوئی نشست کا بدل فراہم نہیں کرسکتے ہیں۔

2. اگر آپ پیشگی اطلاع کے بغیر اپنی کسی مقررہ ملاقات میں حاضر نہیں ہو پاتے ہیں تو، آپ کو واپس آپ کے GP کے پاس بھیج دیا جائے گا۔

3. ہمیں معلوم ہے کہ کچھ استثنائی حالات میں، آپ کو اپنی مقررہ ملاقات منسوخ کرنی پڑسکتی ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ یہ وقت ضائع نہ ہوجائے، اور مقررہ ملاقات کا یہ وقت کسی اور مریض کو پیش کردیا جائے، براہ کرم جتنی جلدی ممکن ہوسکے انتظامی ٹیم سے ٹیلیفون نمبر 02380 272 000 پر رابطہ کریں۔ براہ کرم ذہن نشیں رکھیں کہ آپ کی دوسری منسوخی کے بعد ہماری خدمت سے خود بخود آپ کی چھٹی کردی جائے گی۔

4. معالجہ آپ اور معالج کے مابین ایک باہمی عملی شراکت ہے۔ آپ کے معالجے کے دوران، آپ سے معالجے کی پیشرفت کی سہولت بہم پہنچانے کے لئے اپنی نشستوں کے مابین کچھ کام کرنے (بشمول ڈائریاں سنبھال کر رکھنے، مطالعہ کرنے، وغیرہ) کو کہا جاسکتا ہے۔

5. آپ کی پیشرفت پر نگاہ رکھنے کے لئے ہر نشست کی شروعات میں آپ سے ایک مختصر سوالنامہ مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔

6. ہماری گزارش ہے کہ آپ اپنی مقررہ ملاقات سے 10 منٹ پہلے پہنچ جائیں تاکہ معالج کے ساتھ آپ کی نشست سے قبل اگر کوئی انتظامی امر انجام دینا ہو تو آپ کو اس کا موقع مل جائے۔

7. معالجاتی رپورٹ سمیت، آپ کے نام بھیجے گئے کسی بھی مراسلے کی ایک کاپی آپ کے GP کو بھیجی جائے گی۔

اگر معالجاتی اقرارنامہ انجام پذیر ہونے سے قبل اس بارے میں آپ کو کوئی مزید وضاحت درکار ہے تو، براہ کرم ساؤتھمپٹن اسٹیپس ٹو ویل بیئنگ ٹیم سے 02380 272 000 پر رابطہ کریں یا اپنی پہلی ہی نشست میں اپنے معالج کے سامنے وہ مسئلہ اٹھائیں جو آپ کے ساتھ بخوشی اس پر بات کریں گے۔

**<u>میں نے مذکورہ بالا معالجاتی اقرارنامہ پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔</u>**

نام.....................................................................

دستخط.....................................................................

تاریخ.....................................................................